DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

**مورخہ 09-06-2023**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | اعلیٰ تعلیم اداروں میں ریسرچ کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وفاق سرد مہری کا مظاہرہ کر رہا ہے وزیر اعلیٰ بزنجو وفاقی بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا اعلان۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 03 | باپ پارٹی کا بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا اعلان ہمارا کوئی رکن قومی اسمبلی اور سینیٹر اجلاس میں شریک نہ ہو عبدالقدوس بزنجو نے ہدایت جاری کر دیں۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 04 | آئندہ بجٹ میں اراکان کی تجاویز عوام وصوبے کے مفاد مو سامنے رکھا جائے بلوچستان اسمبلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | اقتصادی کونسل میں بلوچستان کا موقف پیش کرنا انتہائی ضروری تھا، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ اور ہزاروں ملازمتیں شامل ہونگی، زمرک اچکزائی۔ | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کا 38 فیصد پانی چوری ہو رہا ہے ارسا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | عوام کی خدمت ہی دراصل ہماری سیاست کا محور ہے، سکندر عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | چیف سیکری کی ہدایت پر ساڑھے آٹھ کروڑ کے غبن کیس کی تحقیقات۔ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 10 | آئی جی پولیس سے قاری مہراللہ ودیگر رہنماؤں کی ملاقات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان میں کمیونٹی لیڈ لوکل گورننس پالیسی کا باقاعدہ اجراء۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بڑے اسپتال بی ایم سی کی دواؤں کا بجٹ کم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | وکلا کے بغیر ملک نہیں چل سکتا قاتلوں کو کٹہرے میں لایا جائے وکلاء تنظیمیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ کے لاکھوں شہریوں کا کوئی وارث نہیں جماعت اسلامی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | حکومت اساتذہ کے مسائل حل کرنے کیلئے فوری ٹھوس اقدامات اٹھائے اے این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سریاب ترقی پسند پینل کے زیر اہتمام مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی ومظاہرہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | جام کمال وقدوس بزنجو نے غیر منتخب مشیران پر خزانہ پانی کی طرح بہایا جمعیت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

پونے 9 کروڑ کا خورد برد محکمہ خوراک بلوچستان کے دو افسران گرفتار، اوستہ محمد 6 پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، کوئٹہ سیکورٹی گارڈ کا پراسرار قتل، آلہ نقب برآمد، ہرنائی گھر کے اندر سے ٹریکٹر چوری، ہزار گنجی میں منشیات فروش سمیت 2 افراد گرفتار مسروقہ سوزوکی 24 گھنٹے کے اندر برآمد، چمن منشیات برآمد 6 ملزمان گرفتار کر لئے، کوئٹہ میں پولیس تھانہ منظور ترین شہید کی کاروائی مفرور ملزم گرفتار۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 09-06-2023

## عوامی مسائل

بیروزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کا اسمبلی کے سامنے احتجاج ڈگریاں نذر آتش۔کوئٹہ ڈبل کے نام پر پاپڑ نما روٹی نانبائیوں کی من مانیاں عروج پر۔حکومت لورالائی ڈیری فارم کو فنڈ فراہم کرے،عوامی حلقے،کیرتھر کینال تباہی سے دو چار چھوٹے کاشتکار پانی کیلئے ترس گئے،کوئلہ کان میں پھنسے دو محنت کشوں کو ایک مہینے بعد بھی نہ نکالا جاسکا ،این ایل ایف پاکستان،ژوب سے بھیڑ بکریاں ڈی آئی خان اسمگل ہونے لگیں،کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال گوشت کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئیں،

### اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"بلوچستان حکومت اور وفاقی حکومت کے درمیان ٹکراؤ ماضی سے کچھ سیکھا جائے "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان حکومت اور وفاق کے درمیان پھر ٹکراؤ پیدا ہوا ہے اس بار حکومتی سطح پر وفاقی حکومت رویہ کے خلاف شدید ناراضگی کا اظہار کیا گیا ہے جس کی بنیادی وجہ مالی مسائل منصوبوں پر صوبے کے جائز حقوق سمیت ان ایف سی ایوارڈ بھی شامل ہے جبکہ حالیہ سیلاب کی تباہ کاری سے بلوچستان میں جو نقصانات ہوئے اس پر بھی وفاق کی جانب سے سست روی پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی وفاقی بجٹ سیشن کا حصہ نہیں بنے گی اور ہمارے اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹرز وفاقی بجٹ سیشن میں شرکت نہیں کریں گے۔مرکزی صدر بی اے پی نے اپنے اراکین قومی اسمبلی وسینیٹ کے خلاف انضباطی کارروائی کر کے ڈی سیٹ کر دیا جائے گا،وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ این ای سی کے اجلاس کا بائیکاٹ بھی مرکزی حکومت کے رویے کی وجہ سے کیا تھا،ہمارا صوبہ شدید مالی مسائل کا شکار ہے۔

### اداریے:

"روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ "Lawyers assassination" "عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ **"وزیر اعلیٰ کا قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس کا بائیکاٹ "** عنوان سے خلیل احمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"صوبائی محتسب بلوچستان کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمنار کا انعقاد** عنوان سے ریاض الدین نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 1

## اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ریسرچ کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، گورنر

**جدید دور سے ہم آہنگی پیدا کیے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے، تربت یونیورسٹی میں خطاب**

تربت (ع ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور ریسرچ کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اگر ہم نے بلوچستان میں تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کو اپنے وسائل خود پیدا کرنے اور مالی طور پر خود کفیل بنانے کی جانب سنجیدہ توجہ نہ دی تو مستقبل میں تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں کو چلانا مشکل ہو جائے گا جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی پیدا کیے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یونیورسٹی آف تربت کے دورے کے موقع پر اکیڈمک اسٹاف سے خطاب، جائزہ اجلاس کی صدارت، اساتذہ اور اسٹوڈنٹس کے ساتھ انٹریکشن کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف تربت پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، کمشنر مکران آغا فیصل، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، سینئر اساتذہ اور انتظامی آفیسرز بھی موجود تھے گورنر نے یونیورسٹی آف تربت میں ڈیٹا سینٹر اور ایک ہزار کلوواٹ کے سولر پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کا افتتاح بھی کیا گورنر کاکڑ نے یونیورسٹی کے طلباء اور طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی تمام پوشیدہ صلاحیتیں جدید تعلیم کے حصول اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے بروئے کار لائیں جس اپنے تعلیمی اداروں میں ایک ایسا ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے جہاں جدت کاری اور خود انحصاری کے رجحانات کو مستحکم بنایا جا سکیں اس مقصد کے حصول کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے واقفیت پیدا کرنے اور دستیاب وسائل سے بھرپور استفادہ کرنے کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ بجلی کے نظام کو سولر سسٹم پر لانے کا مقصد دراصل توانائی کے بحران پر قابو پانا اور یونیورسٹی آف تربت کو مالی طور پر خود کفیل بنانا ہے گورنر بلوچستان نے وائس چانسلر ڈاکٹر جان محمد اور ان کی پوری ٹیم کی انتھک کاوشوں کو سراہا قبل ازیں گورنر بلوچستان نے یونیورسٹی کے احاطے میں پودا بھی لگایا، وائس چانسلر ڈاکٹر جان محمد نے گورنر بلوچستان کے فراہم کردہ تعاون اور خصوصی دلچسپی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔



Malik Abdul Wali Khan Kakar
Governor Baluchistan

Balochistan being the largest Province of Pakistan offeres unparallel investment prospects with abundant Natrural Rsources and access to preferential trading opportunites in the regional and International markets. Balochistan witness a growing deman for residential and commercial properties due the urbanization and population growth. The gorwing economic activites in the provinces make it an attractive destination for Investments in Real Estate and Constrution sector which can be profitable ventures for both local and International Investors.I find it highly commendable and encouraging that Pakistan Association of Exhibition Industry (PAEI) in collaboration with Balochistan Board of Investment & Trade is organizing the 2nd International Propoerty Expo and Convention in Quetta. This will provide grate opportunities to all the stakholders to invest in various Real Estate and Constrution projects in Balochistanis and will foster the overall economic activities in the Province. I ensure that the Government and the people of Balochistan are fully committed to take all possible measures to facilitate local and International Investors who are interested to invest in various sectors including Real State and Constrution Sector.

MASHRIQ QUETTA

## جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی پیدا کیے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے، عبدالولی کاکڑ

**[illegible]**

**یونیورسٹی آف تربت کے طلبا اور طالبات اپنی تمام تر پوشیدہ صلاحیتیں جدید تعلیم کے حصول اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے بروئے کار لائیں**

**صوبے کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور ریسرچ کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، گورنر بلوچستان کا [illegible] سے خطاب**

تربت 08 جون۔ گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور ریسرچ کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے بلوچستان۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 9 پر

اینڈ ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی پیدا کیے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز یونیورسٹی آف تربت کے دورے کے موقع پر اکیڈمک اسٹاف سے خطاب، جائزہ اجلاس کی صدارت اور اساتذہ و اسٹوڈنٹس کے ساتھ انٹریکشن کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا

میں تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کو اپنے وسائل خود پیدا کرنے اور مالی طور پر خود کفیل بنانے کی جانب سنجیدہ توجہ نہ دی تو آنے والے وقتوں میں صوبے کی تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں کو چلانا مشکل ہو جائیگا۔ جدید سائنس [illegible]

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 2


# Financial self-sufficiency must for public sector varsities: Kakar

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that there is a need to improve the quality of education in higher education institutions and promote research activities. He said that if we do not pay serious attention to all the public sector universities in Balochistan to generate their own resources and make them financially self-sufficient, it will be difficult to run all the higher education institutions of the province in the coming times. We cannot move forward without creating harmony with modern science and technology. He expressed these views while addressing the academic staff, presiding over the review meeting and interacting with the teachers and students on the occasion of his visit to the University of Turbat on Thursday.

Vice Chancellor University of Turbat Professor Dr. Jan Muhammad, Commissioner Makran Division Agha Faisal, Principal Secretary to Governor Balochistan Abdul Nasir Dotani, senior teachers and administrative officers of the university were also present on this occasion. Besides, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar inaugurated the first phase of data center and 1000 kilowatt solar project at University of Turbat. Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar urged the male and female students of University of Turbat to use all their hidden abilities to acquire modern education and bring positive change in the society. He said that we need to create an environment in our educational institutions where the trends of innovation and self-reliance can be made stable. To achieve this goal, there is an urgent need to create familiarity with modern technology and make full use of the available resources.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 09 JUN 2023

Page No: 5

# باپ پارٹی کا بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا اعلان، ہمارا کوئی رکن قومی اسمبلی و سینیٹر اجلاس میں شریک نہ ہو

عبدالقدوس بزنجو نے ہدایات جاری کر دیں

بلوچستان کا استحصال کسی صورت قبول نہیں، جائز آئینی موقف پر ڈٹ کر کھڑے ہیں، پالیسی کی خلاف ورزی کرنیوالے رکن قومی اسمبلی وسینیٹ کیخلاف انضباطی کاروائی کر کے ڈی سیٹ کر دیا جائیگا

بلوچستان کے عوام کی نظریں ہم پر ہیں ہم انکے حقوق کے حصول سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، پی پی ایل کئی سالوں سے ہمارے واجبات ادا نہیں کر رہی جو 45 ارب روپے سے تجاوز کر گئے

ہماری وفاقی حکومت سے کوئی پرخاش نہیں اختلاف کی وجہ اصولی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان شدید مالی مسائل کا شکار ہے ان مسائل کی بنیادی وجہ وفاقی حکومت کا عدم تعاون ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

سیلاب میں بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو شدید نقصان پہنچا ہے این ایچ اے نے ان شاہراہوں کی بحالی کیلئے کوئی کام نہیں کیا ان پر سفر کر کے محسوس ہوتا ہے کہ ہم پھر سے پتھر کے زمانے میں پہنچ گئے ہیں

حالات کی خرابی کے باعث بلوچستان میں 1998 کی مردم شماری نامکمل رہی جسکا نقصان ہمیں وسائل کی تقسیم میں ہو ہمارا مطالبہ ہے کہ نیا این ایف سی ایوارڈ فوری طور پر کیا جائے جو آئینی تقاضہ بھی ہے

بلوچستان کو سالانہ دس ارب سے زائد کا نقصان ہو رہا ہے وفاق نے ہمارے مطالبات اور موقف کو سنجیدگی سے نہ لیا تو وفاق اور صوبے میں پیدا خلیج مزید بڑھے گی جو وفاق کیلئے نقصان دہ ہو سکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وفاقی بجٹ کے سیشن کا بائیکاٹ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی وفاقی بجٹ سیشن کا حصہ نہیں بنے گی، بلوچستان کے عوام کی نظریں ہم پر ہیں ہم انکے حقوق کے حصول سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، پی پی ایل کئی سالوں سے ہمارے واجبات ادا نہیں کر رہی جو 45 ارب روپے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 9

سے زائد تک پہنچ چکے ہیں، این ایف سی کا ہمارا شیئر بروقت نہیں ملتا اور اس میں کٹوتی بھی کی جاتی ہے، بلوچستان کے وفاقی منصوبوں کے ٹینڈر تو ہوتے ہیں لیکن فنڈز کہیں اور منتقل کر دیے جاتے ہیں، وفاقی بجٹ کے سیشن میں شرکت کرنے والے رکن قومی اسمبلی و سینیٹ کے خلاف انضباطی کاروائی کر کے انہیں ڈی سیٹ کر دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹرز وفاقی بجٹ سیشن میں شرکت نہیں کرینگے، بی اے پی کے اراکین قومی اسمبلی و سینیٹ کو اجلاس میں شرکت نہ کرنے کی واضح ہدایات جاری کر دی گئی ہیں پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے رکن قومی اسمبلی و سینیٹ کے خلاف انضباطی کاروائی کر کے ڈی سیٹ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ این ای سی کے اجلاس کا بائیکاٹ بھی مرکزی حکومت کے رویہ کی وجہ سے کیا گیا بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کی وجہ بھی وفاقی حکومت کی بلوچستان کے لئے سرد مہری ہے ہماری وفاقی حکومت سے کوئی پرخاش نہیں اختلاف کی وجہ اصولی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان شدید مالی مسائل کا شکار ہے ان مسائل کی بنیادی وجہ وفاقی حکومت کا عدم تعاون ہے بار بار رابطوں اور یاد دہانیوں کے باوجود ہمیں ہمارا آئینی حق نہیں دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ وفاقی حکومت وعدے اور یقین دہانیاں تو کراتی ہے لیکن ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا ہمارے مطالبے آئینی بنیاد پر ہیں کوئی ناجائز مطالبہ نہیں کر رہے، پی پی ایل کئی سالوں سے ہمارے واجبات ادا نہیں کر رہی جو 45 ارب روپے سے زائد تک پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستم ظریفی یہ ہے کہ بلوچستان سے کسی معاہدے کے بغیر سوئی گیس فیلڈ میں پی پی ایل کا آپریشن جاری ہے پی پی ایل کمپنی کا انتظامی اختیار وفاقی حکومت کے پاس ہے وفاقی حکومت پی پی ایل کے واجبات کے ادائیگی میں نہ تو کوئی دلچسپی لے رہی ہے اور نہ ہی اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہے وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبے فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے عدم تکمیل کا شکار ہیں ان منصوبوں کے لئے مختص فنڈز کا نصف بھی جاری نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وفاقی منصوبوں کے ٹینڈر تو ہوتے ہیں لیکن فنڈز کہیں اور منتقل کر دیے جاتے ہیں گزشتہ سال سیلاب میں بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو شدید نقصان پہنچا ہے این ایچ اے نے ان شاہراہوں کی بحالی کے لئے کوئی کام نہیں کیا ان شاہراہوں پر سفر کر کے محسوس ہوتا ہے کہ ہم پھر سے پتھر کے زمانے میں پہنچ گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کراچی کو کوئٹہ اور سنٹرل ایشیاء سے منسلک کرنے والی شاہراہ کے آٹھ پل سیلاب میں بہہ گئے تھے ایک سال بعد بھی متبادل کچے راستوں سے گاڑیاں گزر رہی ہیں وزیراعظم نے ایک سال قبل وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ میں منعقدہ تقریب میں چمن کراچی شاہراہ کی سنگ بنیاد رکھی تھی وزیراعظم نے اعلان کیا تھا کہ 18 ماہ میں یہ منصوبہ مکمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ابھی تک اس منصوبے کا 20 فیصد کام بھی نہیں ہوا جس رفتار سے کام جاری ہے اور فنڈز دیے جا رہے ہیں یہ منصوبہ 18 ماہ تو کیا 18 سال میں بھی مکمل نہیں ہوگا این ایف سی کا ہمارا شیئر بروقت نہیں ملتا اور اس میں کٹوتی بھی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے سیلاب کے دوران اعلان کردہ دس ارب نہیں دیے گئے 1998 کی مردم شماری کی بنیاد پر ساتواں این ایف سی ایوارڈ اپنی مدت پوری کر چکا ساتویں این ایف سی ایوارڈ میں وسائل کی تقسیم کی بنیاد آبادی تھی حالات کی خرابی کے باعث بلوچستان میں 1998 کی مردم شماری نامکمل رہی جسکا نقصان ہمیں وسائل کی تقسیم میں ہو ہمارا مطالبہ ہے کہ نیا این ایف سی ایوارڈ فوری طور پر کیا جائے جو آئینی تقاضہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی مردم شماری کے مطابق نیا این ایف سی ایوارڈ نہ ہونے سے بلوچستان کو سالانہ دس ارب سے زائد کا نقصان ہو رہا ہے وفاقی حکومت ہمارے مطالبات اور موقف کو سنجیدگی سے لے اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو وفاق اور صوبے میں پیدا خلیج مزید بڑھے گی جو وفاق کے لئے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان کا استحصال کسی صورت قبول نہیں اپنے جائز آئینی موقف پر ڈٹ کر کھڑے ہیں بلوچستان کے عوام ہماری جانب دیکھ رہے ہیں ہم انکے حقوق کے حصول سے ایک انچ پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور پسماندگی دور کرنے کے لئے اسلام آباد میں بیٹھ کر صرف باتیں کی جاتی ہیں بلوچستان کے زمینی حقائق بالکل مختلف ہیں یہاں عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری مولانا فضل الرحمن سردار اختر جان مینگل اور صوبے کے دیگر قومی لیڈروں سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے موقف کو تقویت دیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 6

# CM bans inauguration ceremonies of public projects

APP

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo on Thursday took an important initiative to impose a ban on holding opening ceremonies of development projects.

He also instructed that provincial ministers, members of provincial assembly (MPAs) and government officials to avoid holding the foundation stone laying or inauguration ceremony of government projects. "Public projects are made with public resources, the credit of these projects belongs to no one else, only the people", he said adding that inauguration of projects of a public nature was a waste of resources and government missionaries.

He said that publicity or photos of the inauguration of the projects would not create a good impression, the solution of the basic problems was important instead of external appearance and exhibition. Our first responsibility is to pass on the fruits of the development process to the people, he said and added that development projects were the right of the people and we were not giving them any favor. He also directed the concerned authorities that the formal opening ceremony of the Chief Minister's Health Card Program must not be held.

Meanwhile, Bizenjo on Thursday directed to take action against those involved in hunting or catching rare birds for business and keeping them in shops and houses in order to ensure the protection of rare birds and animals in the province. He banned the hunting of Houbara bustards (Taloor) bird and other rare birds and animals saying that no domestic or foreign person would be allowed to hunt other birds including Taloor in Balochistan. The Chief Minister said that the implementation of the UN Charter and Balochistan Wildlife Protection Act would be ensured in the respective areas for the protection of rare birds.

# BAP announces boycott of budget session

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister and President of Balochistan Awami Party (BAP), Mir Abdul Quddus Bizenjo on Thursday announced the boycott of Friday (today)'s federal budget session.

"The Balochistan Awami Party will not be a part of the federal budget session and party's members in National Assembly and Senate will not participate," said Bizenjo in a statement.

He warned that clear instructions have been issued to the members of the National Assembly and Senate of the BAP not to attend the session, adding that strict disciplinary action will be taken against the members who violate the party policy.

The chief minister stated that the boycott of the budget session was a result of the federal government's neglect towards Balochistan, adding that NEC meeting was also boycotted due to the attitude of the Centre.

"Balochistan is facing severe financial problems. The fundamental reason behind these issues is the lack of cooperation. We have no personal grudges against the federal government; the difference is based on principles," stated the chief minister.

Bizenjo said that despite their pleas and reminders, constitutional rights are not being granted. "The federal government makes promises and assurances, but fails to deliver on them. Our demands are based on constitutional grounds; we are not making any illegitimate demands," he said.

He said that the projects of Balochistan included in the federal PSDP are incomplete as the funds are not being allotted to them. "Not even half of the allocated funds for these projects are being released. The tenders for federal projects in Balochistan are issued, but the funds are transferred elsewhere," the chief minister said.

He said that the national highways of Balochistan suffered significant damage in last year's floods but the National Highway Authority did nothing for their restoration.

"A year ago, the prime minister laid the foundation stone for the Chaman-Karachi highway at the Chief Minister's Secretariat. He announced that this project would be completed in 18 months. "Unfortunately, even 20 per cent of this project has not been completed yet," regretted Bizenjo.

He complained that the share of Balochistan from the NFC Award is not received on time, and it is also reduced. "The promised ten billion rupees were not provided during the floods by the prime minister," revealed the chief minister.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 8

## اقتصادی کونسل میں بلوچستان کا موقف پیش کرنا انتہائی ضروری تھا، نور محمد دمڑ

**وزیراعلیٰ کا موقف غیر واضح تھا، مجھے ذاتی ہدایت جاری نہیں کی، صحافیوں سے گفتگو**

ہرنائی (نامہ نگار) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ذاتی طور پر آگاہ نہیں کیا کہ اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کرنا ہے تو قومی اقتصادی کونسل میں بلوچستان کا موقف پیش کرنا انتہائی ضروری تھا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں سے ٹیلیفونک بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کا این ای سی کے حوالے سے موقف غیر واضح تھا انہوں نے صرف میڈیا پر اجلاس میں شرکت نہ کرنے کے حوالے سے بیان جاری کیا تھا اور مجھے ذاتی طور پر کوئی ہدایات جاری نہیں کی تھیں حاجی نور محمد خان دمڑ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے اقتصادی کونسل کے اجلاس سے ایک روز قبل وفاقی حکومت کے رویے کیخلاف احتجاج کرتے ہوئے اجلاس کے بائیکاٹ کا اعلان کیا تھا مجھے ذاتی طور پر کوئی ہدایات جاری نہیں کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس انتہائی اہم فورم ہے جس میں بلوچستان کا موقف پیش کرنا ضروری تھا، میں اسلام آباد میں پہلے سے موجود تھا، اور میں ممبر کی حیثیت سے اجلاس میں شرکت کی اور بلوچستان کا موقف پیش کیا۔ میرا وزیراعلیٰ بلوچستان سے کوئی اختلاف نہیں وہ پارٹی کے سربراہ اور صوبے کے وزیراعلیٰ ہیں وہ ان کا احترام کرتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ اور ہزاروں ملازمتیں شامل ہونگی، زمرک اچکزئی

**بجٹ کیلئے آمدنی کا مجموعی تخمینہ 5سو29ارب 32 کروڑ روپے ہے، بلوچستان کے اپنے وسائل سے آمدنی کا تخمینہ 60ارب 32 کروڑ روپے ہیں**

وزیراعظم نے بلوچستان میں سیلاب کے موقع پر دس ارب روپے اعلان کیا تھا اس کا ایک روپیہ نہیں ملا، پی پی ایل کے 55ارب روپے بھی نہیں دیئے جا رہے

**این ایف سی ایوارڈ کے تحت قابل تقسیم محاصل اور دیگر ذرائع سے آمدن کا تخمینہ 4سو13ارب روپے ہے، صوبائی وزیر خزانہ وخوراک کی بات چیت**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خزانہ وخوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے آئندہ مالی......

بقیہ 30 صفحہ نمبر 9 پر

سال کے بجٹ کے لیے آمدنی کا مجموعی تخمینہ 5سو29ارب 32 کروڑ روپے ہے آئندہ مالی سال کے لیے بلوچستان کے اپنے وسائل سے آمدنی کا تخمینہ 60ارب 32 کروڑ روپے جبکہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت قابل تقسیم محاصل اور دیگر ذرائع سے آمدن کا تخمینہ 4سو13ارب روپے ہے، بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے لیے غیر ترقیاتی اخراجات کا تخمینہ 3سو75ارب 16 کروڑ روپے ہے

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان کا 38 فیصد پانی چوری ہو رہا ہے، ارسا

بلوچستان کو پانی کا پورا حصہ دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، وفاقی وزیر آبی وسائل

**پٹ فیڈر سے پانی چوری ہو رہا ہے کون کر رہا ہے معلوم نہیں، فلڈ کمیشن کا موقف**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر آبی وسائل سید خورشید شاہ نے قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کو بتایا ہے کہ پانی کی تقسیم کے حوالے سے ٹیلی میٹری سسٹم کی تنصیب سے بڑی حد تک مسائل حل ہو جائیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا پانی پورا کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اجلاس کے دوران کمیٹی اراکین نے ملک میں گنے کی کاشت

بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر

کم کرنے اور کپاس کی پیداوار میں اضافے کی تجاویز پیش کیں۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نواب محمد یوسف تالپور کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی اراکین کے علاوہ وفاقی وزیر آبی وسائل سید خورشید شاہ سمیت سیکرٹری آبی وسائل، ارسا اور واپڈا حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران فلڈ کمیشن حکام نے کمیٹی کو بتایا کہ پٹ فیڈر کینال سمیت مختلف مقامات پر پانی کی کمی رپورٹ ہوئی ہے انہوں نے بتایا کہ پٹ فیڈر کینال سے پانی چوری ہو رہا ہے تاہم یہ معلوم نہ ہو سکا کہ یہ پانی کون چوری کر رہا ہے اس موقع پر ممبر ارسا بلوچستان نے کہا کہ کم پانی مل رہا ہے اور ہمارا 38 فیصد پانی چوری ہو رہا ہے جبکہ ممبر ارسا سندھ نے کمیٹی کو بتایا کہ سندھ کو 35 فیصد پانی کم مل رہا ہے اس موقع پر وفاقی وزیر آبی وسائل سید خورشید شاہ نے چیئرمین کمیٹی کو درخواست کی کہ بلوچستان کے پانی کی کمی کو پورا کیا جائے چیئرمین کمیٹی نے کہا بلوچستان سمیت صوبوں کا پانی کون چوری کر رہا ہے وفاقی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کو ایکارڈ کے باوجود پانی کم ملتا ہے انہوں نے کہا کہ سندھ اور پنجاب تو اپنا پانی کسی نہ کسی طریقے سے پورا کر لیتے ہیں مگر بلوچستان کو پانی نہیں ملتا ہے کمیٹی کے رکن محسن لغاری نے کہا کہ گزشتہ سال ملک میں پانی کی شدید قلت تھی جس کے بعد بلوچستان سمیت پورے ملک میں شدید بارشوں کی وجہ سے پورے ملک میں سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی جس کی بڑی وجہ پانی اور بارشوں کے راستوں کو بند کرنا ہے انہوں نے کہا ملک میں پانی کی سٹوریج کے لیے ڈیمز بنانے کی ضرورت ہے

## عوام کی خدمت ہی دراصل ہماری سیاست کا محور ہے، سکندر عمرانی

**حلقہ انتخاب میں عوامی اسکیمات کی تکمیل سے لوگوں کی مشکلات میں واضح کمی ہوئی ہے**

نصیر آباد (آئی این پی) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت ہی دراصل ہماری سیاست کا محور ہے حلقہ انتخاب میں بجلی روڈ آبپاشی تعلیم سمیت دیگر تمام عوامی اسکیمات کی تکمیل کے بعد لوگوں کی مشکلات میں واضح طور پر کمی واقع ہوئی ہے حلقہ انتخاب کے عوام کی مکمل تائید و حمایت حاصل ہے عوام ترقی و خوشحالی و روزگار چاہتی ہے جو ہم انہیں فراہم کر رہے ہیں اب عوام میں شعور بیدار ہو چکا ہے وہ کسی کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے عام انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لے کر ترقی کے تسلسل کو جاری رکھیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا کہ ہماری کارکردگی کھلی کتاب کی مانند ہے ہم نے اپنے دور اقتدار میں زرعی یونیورسٹی میڈیکل کالج ڈیرہ مراد جمالی سٹی سمیت دیگر دور دراز علاقوں میں مختلف بلیک ٹاپ روڈ، بجلی آبنوشی تعلیمی اداروں کے منصوبوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا تاکہ عوام حکومت کے ان اقدامات سے براہ راست مستفید ہو سکے صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا کہ جھوٹی اور فریب کی سیاست پر ہم یقین نہیں رکھتے ہم نے جو عوام سے وعدے کیے انہیں مکمل کر کے دکھایا عوام کے مسائل حل کرنا اور انہیں حکومتی اقدامات سے مستفید کروا کر ہم اپنا فریضہ ادا کر رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2    DATE: 09 JUN 2023    Page No: 9

## چیف سیکرٹری کی ہدایت پر ساڑھے آٹھ کروڑ کے غبن کیس کی تحقیقات

### ایف آئی آر درج کر کے گرفتار کر کے مزید تفتیش جاری عنقریب مزید گرفتاریاں متوقع

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی خصوصی ہدایت، ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان سہیل انور ہاشمی اور ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کوئٹہ ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 9 پر

عبدالواحد کاکڑ کی نگرانی میں کامران بشیر ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کوئٹہ اور عبدالقیوم اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کوئٹہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ صلاح الدین اور اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عالمگیر جعفر سابقہ انچارج پی آر سنٹر سریاب کو ساڑھے آٹھ کروڑ کے غبن کے کیس میں u/s 161, 409, 5(2) PPC 420, 467, 468, 471 of Prevention of Corruption Act-II 1947 کے تحت ایف آئی آر درج کر کے گرفتار کر کے مزید تفتیش جاری ہے اور عنقریب مزید گرفتاریاں متوقع ہیں۔

92 نیوز کوئٹہ

## گندم اسمگلنگ روکنے کیلئے بارڈر سیل کر دینگے، چیف سیکرٹری

### ملک کو شدید مالیاتی رکاوٹوں کے باعث سنگین معاشی چیلنجز کا سامنا ہے

### نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہے ہیں، عبدالعزیز عقیلی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی حکومت عوام کا معیار زندگی بلند کرنے اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے، رواں سال محکمہ خوراک نے مقرر کردہ 10 لاکھ سے زیادہ گندم کی بوریوں کی خریداری مکمل کی ہے جو کہ محکمہ کی بہت بڑی کامیابی (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

ہے اور اس سال صوبے میں آٹے کی قلت کا سامنا نہیں ہوگا۔ 34 ویں نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد سے ملک بھر میں صوبے کا مثبت امیج سامنے آیا ہے اور صوبے کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ چیلنجز کے باوجود ایونٹ کو کامیاب بنایا۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکریٹری قانون عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پراسیکیوشن غلام علی بلوچ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ صالح محمد ناصر سمیت تمام سیکریٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی پروجیکشن، پی ایس ڈی پی آٹومیشن اور پی ایس ڈی پی 2023-2024 کی تیاری، گندم کی خریداری، ای خدمت سنٹرز کا قیام، ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری، گوگل کی جانب سے بلوچستان کے طلبا کو اسکالرشپس سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ نیشنل گیمز کے کامیاب انعقاد کا سہرا سیکریٹری کھیل بمعہ ٹیم، بلوچستان پولیس، محکمہ سکولز و کالجز، محکمہ تعلقات عامہ، محکمہ تعمیرات و مواصلات و دیگر افسران اور ملازمین کے سر ہے ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ جنہوں نے دن رات ایک کر کے اس ایونٹ کے کامیاب انعقاد کو ممکن بنایا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں تمام بارڈرز کو سیل کر دیا جائے گا تاکہ صوبے میں گندم اور آٹے کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آگاہ کیا ہے کہ ملک کو شدید مالیاتی رکاوٹوں کا سامنا ہے جس کی وجہ سے سنگین معاشی چیلنجز ہیں۔ وفاقی حکومت کی طرف سے اپنائے جانے والے قومی کفایت شعاری کے اقدامات کا منظور شدہ سیٹ اور صوبوں کو بھی تجویز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی کفایت شعاری کے اقدامات پر عملدرآمد کے لیے کام کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ تمام انتظامی افسران بجلی اور گیس کی بچت کے لیے اقدامات کریں۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ گوگل کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے اسکالرشپس 1 ہزار سے بڑھا کر 3 ہزار کر دی گئی ہیں جس سے نوجوان اپنا روزگار کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کے طلبا کے لئے 8000 انٹرن شپ با اختیار نوجوانان پروگرام شروع کیا ہے۔ اور ابھی تک صرف 3000 لوگوں نے اپنے ڈاکومنٹس جمع کیے ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں کے طلبا بھی اس پروگرام سے مستفید ہوں اور اپنے آپ کو www.bnip.gov.pk سے رجسٹرڈ کروائیں۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2    DATE: 09 JUN 2023    Page No: 10

## آئی جی پولیس سے قاری مہر اللہ و دیگر رہنماؤں کی ملاقات

**دکی اور چمن میں شہید و زخمی ہونیوالے کارکنوں کے حوالے سے بات چیت**

**ان واقعات کی تحقیقات رپورٹ کو منظر عام پر جلد لایا جائیگا، آئی جی کی یقین دہانی**

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ سے جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ مفتی شیخ الدین مولانا رحمت اللہ حقانی ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی پر چمن اور کوئٹہ سائنس کالج میں ملوث عناصر نہ آج تک گرفتار ہوئے اور نہ ملزمان کی نشاندہی ہوئی حکومت کی تسلیوں پر صبر کا دامن بہت تھا لیکن سانحات کی تحقیقات آج بھی سرد خانے کی شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کب تک ہمیں محب اسلام اور محب وطن کے سزا دیا جارہا ہے چمن میں بھی ہمارے قائدین اور کارکنوں کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں ہمارے 7 ساتھی شہید اور 16 زخمی ہوئے ملزمان...... بقیہ نمبر81 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ نمبر81 صفحہ نمبر 9 پر

کی تعین نہیں ہوئی پھر سائنس کالج دھماکہ میں 6 کارکن شہید اور 22 کارکن زخمی ہوئے لیکن حکومت کو آج تک احساس نہیں ہوا تحقیقات پھر سرد خانے کی شکار ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے امن میں پولیس افسران اور جوانوں کے کردار سے اور قربانیوں سے کوئی انکار نہیں کرسکتا ہے ان کی پیشہ ورانہ خدمات قابل تحسین ہیں

## بلوچستان کے کھلاڑی دنیا بھر میں پاکستان کا پرچم سربلند کررہے ہیں، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

**شازیب رند کی امریکہ میں لائٹ ویٹ کک باکسنگ میں شاندار کارکردگی باعث تحسین ہے**

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی، بلوچستان کک باکسر شازیب رند ملاقات اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی سے کک باکسر شازیب رند نے اسپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی نے شازیب رند کو امریکہ میامی لائٹ ویٹ 68 کلوگرام کک باکسنگ میں شاندار کارکردگی پر مبارکباد دی۔........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 9 پر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 9 پر

اور کہا کہ بلوچستان کے نوجوان اب دنیا بھر میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم کا نام روشن کررہے ہیں اور موجودہ حکومت کھیل اور کھلاڑیوں کے فروغ کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لارہی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر محمد خان لہڑی، رکن صوبائی اسمبلی ثناءاللہ بلوچ، میر زاہد موجود تھے۔

## بیوٹمز ملازمین کا تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر یونیورسٹی گیٹ کے باہر احتجاجی دھرنا

**ملازمین مئی کی تنخواہ سے تاحال محروم ہیں گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ گئی، تنخواہوں کی سمری منظور نہ کرنا سمجھ سے بالاتر**

**بیوٹمز کے اندر تعینات کیے گئے جعلی پروفیسرز کے خلاف کارروائی کی جائے، صدر سٹاف ایسوسی ایشن نعمان خان و دیگر**

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کی دوسری بڑی جامعہ بیوٹمز کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سراپا احتجاج ہے یونیورسٹی کے ملازمین نے جامعہ کے مرکزی دروازے پر دھرنا دے دیا بیوٹمز سٹاف ایسوسی ایشن کے صدر نعمان خان و دیگر نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چار ماہ سے تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کی جارہی ہے ملازمین مئی کی تنخواہ سے تاحال محروم ہیں ملازمین کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ گئی ہے صوبائی حکومت تنخواہوں کی ادائیگی کی سمری کی منظوری میں تاخیر کررہی ہے انہوں نے کہا کہ بیوٹمز کے اندر تعینات کیے گئے جعلی پروفیسرز کے خلاف کارروائی کی جائے کسی بھی مہذب اور ترقی یافتہ اقوام میں تعلیم کو سب سے پہلی ترجیح پر رکھتے ہیں ہمارے صوبے میں تعلیم کا آخری ترجیح پر دی جاتی ہے ترقی پذیر ممالک نے بھی تعلیم کے مقدس شعبے کو سب سے زیادہ ترجیح دی ہے پاکستان آج کل جن خطرناک مسائل سے کا شکار ہے ان کی بنیادی وجہ تعلیم کی کمی ہے انہوں نے کہا کہ تنخواہوں کی سمری منظور نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے انتظامیہ کی بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی سزا ملازمین کو کیوں دی جارہی ہے تنخواہوں کی ادائیگی کی سمری فوری طور پر منظور کی جائے تنخواہوں کی ادائیگی تک احتجاج جاری رہے گا مالی بے ضابطگیاں ہوئی ہیں تو انکی تحقیقات کرکے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان میں کمیونٹی لیڈ لوکل گورننس پالیسی کا باقاعدہ اجراء

**پالیسی مقامی گورننس کو مضبوط کرے گی اور لوکل کونسلز اور لوکل کمیونٹیز کو بااختیار بھی بنائے گی، دوستین جمالدینی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کی جانب ایک اور قدم، کمیونٹی لیڈ لوکل گورننس پالیسی کا باقاعدہ اجراء کردیا گیا ہے۔ محکمہ لوکل گورنمنٹ نے صوبے میں کمیونٹی کی قیادت میں مقامی ترقی کو فروغ دینے کی سمت میں ایک تاریخی قدم اٹھایا ہے اس موقع پر کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ سی ایل جی پالیسی مقامی بقیہ نمبر43 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر43 صفحہ 7 پر

ترقیاتی عمل میں کمیونٹی کی برادریوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کی منظم حوصلہ افزائی کرتی ہے، کمیونٹی کی شناخت شدہ ضروریات اور ترجیحات کو حکومتی سرمایہ کاری سے جوڑتی ہے۔ یہ پالیسی مقامی گورننس کو مضبوط کرے گی اور مقامی حکومت کے تیسرے درجے، لوکل کونسلز اور لوکل کمیونٹیز کو بااختیار بھی بنائے گی۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ رورل ڈویلپمنٹ دوستین جمالدینی نے سی ایل جی پالیسی کی ورچوئل لانچنگ کی اور شرکاء کو پالیسی کے بارے میں بریف کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی لوکل گورنمنٹ قادر نائل نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اپنے شہریوں کی بنیادی ضروریات کو یقینی بنانے میں متعدد چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تازہ ترین تخمینوں کے مطابق، صوبے کی آبادی تقریباً 20 ملین ہے، لیکن اس کا وسیع جغرافیائی رقبہ اور آبادی کی تقسیم، جیسا منتشر قسم کی نوع اس کے سماجی، معاشی اور سیاسی منظر نامے پر اثر انداز ہوتا ہے صوبے کو پینے کے صاف پانی، مقامی ستھرائی کی مناسب سہولیات، تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور ذریعہ معاش جیسی بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلدیاتی نظام کئی دہائیوں سے موجود ہے اور گزشتہ برسوں کے دوران اس میں مختلف تبدیلیاں آئی ہیں۔ مقامی حکومتوں کے نظام کے کام کاج کو بہتر بنانے کے لئے بہت سے مسائل اور چیلنجز ہیں جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کا لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2010 صوبے میں مقامی گورننس کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم تھا۔ تاہم وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ نظام کے کام کاج کو بہتر بنانے کے لیے مزید اصلاحات کی ضرورت تھی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکو مت بلو چستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 09 JUN 2023

Page No: 11



**Hamza Shafqat**
Secretary Information Department, Baluchistan

Publicity and promotion of trades and industries are important for their survival and growth, therefore, exhibitions and expos are a must to rely on. More than forty small industries are directly linked with the construction and real estate sectors. Tax incentives offered by the government to the construction sector are laudable and have spurred economic activity and jobs are being created throughout the country.Pakistan Association of Exhibition Industry (PAEI) must chalk out a focused annual expo calendar for small industries and trades. On behalf of Information Department, I congratulate PAEI for organizing the 2nd International Property Expo and Convention Quetta that will offer a big opportunity to developers and builders to promote their commercial and housing projects in the province.

## سریاب ترقی پسند پینل کے زیر اہتمام مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی و مظاہرہ

کوئٹہ شہر اور خاص کر سریاب روڈ بلوچستان کا دارالخلافہ ہونے کے باوجود آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، عبدالمتین اخوانزادہ

یاب روڈ کی تعمیر انتہائی سست روی کا شکار ہے روڈ کھدائی ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات کی وجہ سے قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، مصلح الدین مینگل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سریاب ترقی پسند پینل کے زیراہتمام میر مصلح الدین مینگل ایڈووکیٹ کی قیادت میں جمعرات کو سریاب روڈ سے علاقے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جو سریاب روڈ، زرغون روڈ، پرنس روڈ جناح روڈ سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کرگئی ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر مطالبات درج تھے۔ ریلی کے شرکاء سے کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کے کنوینر عبدالمتین اخوانزادہ، سریاب ترقی پسند پینل کے سربراہ میر مصلح الدین مینگل ایڈووکیٹ، نذر بزنجو، نذیر بازئی، ........

بقیہ نمبر 83 صفحہ نمبر 9 پر

میر علی نیچاری، سردار حبیب بزنجو اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر اور خاص کر سریاب روڈ بلوچستان کا دارالخلافہ ہونے کے باوجود آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے سریاب روڈ کی تعمیر انتہائی سست روی کا شکار ہے روڈ کھدائی ہونے کی وجہ سے آئے روز حادثات کی وجہ سے قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں چند منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہوتا ہے تو دوسری طرف گرد و غبار اڑنے کی وجہ سے علاقے کے مکین سانس، سینے سمیت مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں



## جام کمال و قدوس بزنجو نے غیر منتخب مشیران پر خزانہ پانی کی طرح بہایا، جمعیت

تھوک کے حساب سے وزیر اعلیٰ کے مشیران لینے والوں کے پاس بجٹ کے پیسے نہیں ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

دونوں نے کوئٹہ کے عوام کو کچھ نہیں دیا، جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کے مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل چاہتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے یونٹوں کی بیداری مہم کے سلسلے میں ضلع بھر کے دورے کا آغاز کیا مختلف یونٹوں سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا قاری مہر اللہ شیخ مولانا احمد جان جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مولانا محمد ہاشم خیشکی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

مولانا حافظ سردار محمد نورزئی شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا محمد اشرف جان مفتی عبدالغفور مدنی حافظ سراج الدین مفتی رحمت اللہ حاجی ولی محمد بزنجو حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا محمد طاہر توحیدی حاجی قاسم خان خلجی حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ ملک عبداللہ خان ناصر حاجی عبداللہ سلیمان خیل مفتی محمد ابوبکر حافظ رحمان گل حافظ دوست محمد اور دیگر نے کہا کہ تھوک کے حساب سے وزیر اعلیٰ کے مشیران لینے والوں کے پاس بجٹ کے پیسے نہیں ہیں۔ جام کمال اور قدوس بزنجو نے حقیقی نمائندوں کی بجائے غیر منتخب افراد پر خزانہ پانی کی طرح بہایا، اور دونوں نے کوئٹہ کے عوام کو کچھ نہیں دیا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 84

DATE: 09 JUN 2023

Page No: 15


## پونے 9 کروڑ روپے کا خورد برد، محکمہ خوراک بلوچستان کے دو افسران گرفتار

**ڈپٹی ڈائریکٹر صلاح الدین اور اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عالمگیر نے سرکاری گندم بند فلور مل کو دی تھی**

**ابتدائی تفتیش میں اعلیٰ افسران سمیت دیگر کے ملوث ہونے کا انکشاف، مزید گرفتاریوں کیلئے چھاپے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن نے پونے 9 کروڑ روپے خورد برد کرنے کے الزام میں محکمہ خوراک کے ڈپٹی ڈائریکٹر اور اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر کو گرفتار کر لیا ملزمان نے ایک لاکھ 27 ہزار سرکاری گندم کی بوریاں بند فلور مل کو فراہم کی تھیں، مزید گرفتاریوں کیلئے چھاپے مارے جارہے ہے اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن کو 2022 میں ایک درخواست دی گئی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ محکمہ خوراک کے افسران ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ صلاح الدین اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عالمگیر نے 2017 اور 2018 میں کروڑ 72 لاکھ مالیت کی سرکاری گندم کی ایک لاکھ 27 ہزار بوریاں محکمہ خوراک کے گودام سریاب روڈ سے نکال کر ایک ایسی فلور مل کی فراہم کی گئی جو مکمل طور پر بند تھی سرکاری گندم کی رقم خورد برد کر لی گئی جس پر ڈی جی نے ڈپٹی ڈائریکٹر کوئٹہ سرکل ون کی سربراہی انکوائری کمیٹی تشکیل دی جس نے گزشتہ روز تمام پہلو کا جائزہ اور تحقیقات کر کے انکوائری رپورٹ ڈی جی کو فراہم کی جس میں بتایا گیا کہ نامزد ملزمان اور دیگر افسران نے ملی بھگت سے سرکاری گندم فروخت کر کے خزانے کو 8 کروڑ 72 لاکھ کا نقصان پہنچایا ہے ذرائع نے بتایا کہ ڈی جی کی ہدایت پر مقدمہ درج کر کے گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے اینٹی کرپشن ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ صلاح الدین اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عالمگیر کو گرفتار کرلیا گیا ذرائع نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں اعلیٰ افسران سمیت دیگر کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا گیا جس پر مزید گرفتاریوں کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

## اوستہ محمد، 6 پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

**خفیہ اطلاع پر مٹھو شاہ گینگ کیخلاف پولیس کا گرینڈ آپریشن، شدید فائرنگ کا تبادلہ، اسلحہ بھی برآمد**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے قریب چھ پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث مٹھو شاہ گینگ کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران ڈاکوؤں و پولیس کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا گیا، ڈی آئی جی نصیر آباد ڈویژن منیر احمد شیخ کے مطابق سندھ کے علاقے جاگیر میں چھ پولیس اہلکاروں کی شہادت میں ملوث ملزمان مٹھو شاہ گینگ کے کارندوں کی اوستہ محمد پولیس تھانہ صدر کی حدود میں موجودگی کی خفیہ اطلاع ملنے پر ایک گاؤں پر چھاپہ مارا تو ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں پولیس گاڑیوں کو جزوی نقصان پہنچا جوابی کارروائی میں دو خطرناک ڈاکو ابراہیم و یعقوب کو شدید زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا گیا گرفتار ڈاکو چھ پولیس اہلکاروں کے قتل اغوا ڈکیتی چوری اور لوٹ مار کے مقدمے میں سندھ و بلوچستان پولیس میں مطلوب تھے۔

MASHRIQ QUETTA

## سندھ بلوچستان میں درجنوں قتل کرنیوالے مٹھو شاہ گینگ کے دو اہم ڈاکو گرفتار

**خفیہ اطلاع ملنے پر اوستہ محمد اور جعفرآباد پولیس نے ریڈ کیا تو ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کردی، دو ڈاکو زخمی حالت میں پکڑے گئے**

**باقی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، اسلحہ برآمد، پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کی ضامن ہے، ایس ایس پی جعفرآباد**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد اور جعفرآباد پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف مشترکہ کارروائی کے دوران پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان پولیس مقابلے کے دوران سندھ بلوچستان درجنوں مقدمات اور چھ پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث مٹھو شاہ گینگ کے دو اہم ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ملزمان سے دو کلاشنکوف بھی برآمد، تفصیل کے مطابق اوستہ محمد صدر تھانے کے حدود میں خفیہ اطلاع ملنے پر اوستہ محمد اور جعفرآباد پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سندھ بلوچستان میں درجنوں قتل اور ڈکیتی کے مقدمات میں مطلوب اور گزشتہ دنوں چھ پولیس اہلکاروں کے قتل اور معروف تاجر فرقان کے اغوا میں ملوث مٹھو شاہ گینگ کے دو اہم ڈاکو ابراہیم اور یعقوب کو مبینہ پولیس مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو کلاشنکوف برآمد کر لیے گئے باقی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے ایس ایس پی جعفرآباد محمد انور بادینی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کی ضامن ہے کسی کو امن و امان خراب کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

## موٹر سائیکل چھیننے گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث 7 ملزمان گرفتار

**مسروقہ موٹر سائیکل گاڑی برآمد کر کے قبضے میں لے لی گئی، مقدمات درج**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے والے اور گاڑی چوری کی واردات میں ملوث ملزمان سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل گاڑی برآمد کر کے قبضے میں لے لی تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر ........ بقیہ نمبر 72 صفحہ نمبر 9 پر

ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر بروری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھیننے والے 2 ملزمان نجیب اللہ اور گل جان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے جبکہ مفرور ملزم عرفان کو بھی گرفتار کرلیا سول لائن پولیس نے مسروقہ گاڑی برآمد کر کے مشتاق کو جبکہ مفرور ملزمان میرویس اور شاہ ولی کو گرفتار کرلیا شالکوٹ پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مفرور ملزم مزار خان کو گرفتار کر کے تمام ملزمان کے خلاف پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

## خضدار لڑکی کے اغوا کے خلاف خاندان کا روڈ پر دھرنا ٹریفک معطل

خضدار (این این آئی) خضدار سے مبینہ طور پر لڑکی کے اغوا کے خلاف خاندان کے افراد کا روڈ پر دھرنا ٹریفک معطل ہوگئی۔ جمعرات کو خضدار میں کسی ایریا سے خواتین اور بچوں نے این 25 شاہراہ کو ٹریفک کے لئے بلاک کردیا ان کو شکایت تھی ان کے گھر کی ایک لڑکی کو مسلح ........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 9 پر

افراد گاڑی سواروں نے اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ بعد ازاں متعلقہ پولیس تھانے کو درخواست دی گئی کہ مسماۃ ف بنت عبدالحمید شاہوزئی کو مسلح افراد نے اغوا کیا ہے ان کے خلاف کارروائی کی جائے اور مبینہ اغوا کنندگان کے نام بھی درخواست میں مقدمہ اندراج کے لئے دیا گیا ہے۔

## سنجاوی پولیس کی کارروائی مغوی بچی بازیاب

سنجاوی (نامہ نگار) سنجاوی پولیس کی کارروائی مغوی بچی بازیاب تفصیلات کے مطابق 6 جون کو سنجاوی کلی شریف آباد سے 7/8 سال کی بچی حضرت بی بی کو اغواء کیا گیا تھا، ڈی آئی جی علی شیر جھکرانی، ایس پی زیارت اختر اچکزئی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او سنجاوی اور اس کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے بچی کو آج کلی تبہ سے بازیاب کرلیا۔ تاہم ملزمان کے خلاف چھاپے مارے جارہے ہیں، اس عمل میں علاقے معتبرین، اور عوام نے پولیس کے ساتھ خصوصی تعاون کیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 16


# کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف کارروائیاں، 12 گرفتار

50 ریڑھی بانوں کے ترازو اٹھا کر ضبط کر لئے گئے، دکاندار اور تاجر حضرات اپنی دکانوں کے باہر تجاوزات ختم کریں

**جوائنٹ روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں تجاوزات کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، عطاء المنعم، جواد زہری**

کوئٹہ (اے این این) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر جبار بلوچ کی ہدایت پر جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی عطاء المنعم اور مجسٹریٹ کی سربراہی میں عملے نے کارروائی کرتے ہوئے تجاوزات قائم رکھنے والے 12 افراد کو گرفتار اور 50 ریڑھی بانوں کے ترازو اٹھا کر ضبط کر لئے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر عطاء المنعم اور مجسٹریٹ جواد زہری نے کہا کہ جوائنٹ روڈ پر مسلسل تجاوزات قائم رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہے اور کسی بھی صورت کسی کو بھی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اگر کوئی خلاف ورزی کرے گا تو انتظامیہ حرکت میں آ کر ان کے خلاف بھرپور قانونی کارروائی کی جائے گی اور اس سلسلے میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کیونکہ کوئٹہ شہر ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اور شہر کو تجاوزات سے پاک کرنا ہماری ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ جوائنٹ روڈ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں تجاوزات کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہے گی اس سلسلے میں تاجران، عوام سمیت ہر مکتبہ فکر سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور انتظامیہ کا ساتھ دیں تاکہ شہر کو تجاوزات سے پاک کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ جو بھی تجاوزات قائم کرے گا ان کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

# ڈیرہ اللہ یار” جعفرآباد پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف مشترکہ کارروائی

**6 پولیس اہلکاروں کے قتل میں ملوث منھو شاہ گینگ کے دو اہم ڈاکو گرفتار**

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) اوستا محمد پولیس مقابلہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ منھو شاہ گینگ کے دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کے لیے جعفرآباد و سندھ کی سرزمین تنگ کر دی گئی ہے ڈی پی او جعفرآباد انور بادینی تفصیلات کے........ بقیہ نمبر 74 صفحہ نمبر 9 پر

مطابق گزشتہ روز جعفرآباد و اوستا محمد پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر ڈی پی او جعفرآباد محمد انور بادینی کی سربراہی میں اوستا محمد صدر پولیس تھانہ کے حدود میں بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کی گئی ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی فائرنگ سے پولیس اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے پولیس مقابلے کے دوران منھو شاہ گینگ کے دو ڈاکو ابراہیم عرف اوائزی ولد مقبل عرف بخشو یعقوب عرف کاکو ولد عبدالمجید قوم جکھرانی ساکن جاگیر سندھ زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کلاشنکوف برآمد کرلیا

INTEKHAB QUETTA

# ڈیرہ مراد جمالی، ایس پی کی گاڑی پر دستی بم حملہ

**حب میں بھی دھماکہ کی اطلاع دستی بم حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا**

حب (نمائندہ انتخاب) حب کے قریب ساکران تھانے بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر

کے قریب مبینہ دستی بم حملے کی اطلاع دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی گئی بعض مقامی افراد کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات گئے حب کے نواحی علاقہ ساکران کے پولیس اسٹیشن کے قریب دھماکہ کی ہولناک آواز سنائی دی گئی ہے تاہم واقعہ کی تصدیق کیلئے ساکران پولیس سے رابطہ کیا گیا تو بتایا گیا کہ ایسی کوئی بات نہیں البتہ زوردار دھماکے کی آواز سنائی دی ہے اور کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ہے جبکہ بعض ذرائع بتاتے ہیں کہ دھماکہ کی آواز کافی دور دور تک سنائی دی گئی ہے پولیس کے مطابق اس حوالے سے تحقیقات اور نوعیت کا تعین کیا جارہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

DATE: 09 JUN 2023

Page No: 17


## بیروزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کا اسمبلی کے سامنے احتجاج، ڈگریاں نذر آتش

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بیروزگار ویٹرنری ڈاکٹروں نے لائیو اسٹاک حکام کے رویے کے خلاف بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجاً اپنی ڈگریاں نذر آتش کردیں، جمعرات کو بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی اور بلوچستان اسمبلی کے سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ویٹرنری ڈاکٹروں کے لئے نئی آسامیاں تخلیق نہ ہونے کے برابر ہیں جبکہ گزشتہ کئی سال سے ویٹرنری ڈاکٹروں کے لئے کوئی آسامیاں تخلیق نہیں کی گئیں جس کی وجہ سے بلوچستان میں بیروزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کی تعداد 1600 سے تجاوز کرگئی ہے اس کے باوجود حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بھی روایتی طرز پر 100 سے بھی کم نئی آسامی رکھنے کی تجویز دے رہی ہے جبکہ محکمہ لائیو اسٹاک کو اس وقت 2 ہزار سے زائد ویٹرنری ڈاکٹروں کی ضرورت ہے لیکن سیکرٹری محکمہ لائیو اسٹاک اس جانب کوئی توجہ نہیں دے رہے، انھوں نے مطالبہ کیا کہ سیکرٹری لائیو اسٹاک کو تبدیل کیا اور ویٹرنری ڈاکٹروں کے لئے آسامیوں میں اضافہ کرکے 500 کی جائیں۔


Baakhabar Quetta


# کوئٹہ ڈبل کے نام پر پاپڑ نما روٹی

## نانبائیوں کی من مانیاں عروج پر

**300 سے 320 گرام کی پاپڑ نما روٹی 60 روپے میں فروخت کی جارہی ہے، تندور مالکان اور نان بائی خودساختہ مہنگائی عوام پر مسلط کررہے ہیں' عوامی حلقے**

**خودساختہ قیمتوں کو مسترد کرتے ہیں، ضلعی انتظامیہ ڈبل کے نام پر مہنگی روٹی فروخت کرنیوالوں کیخلاف کاروائی کریں اور سرکاری نرخنامے پر روٹی فروخت کرنے کا پابند بنائیں**

کوئٹہ (خصوصی رپورٹ) نان بائیوں کی من مانیاں عروج پر، 300 گرام کی روٹی ڈبل کے نام پر 60 روپے میں فروخت کی جارہی، نان بائیوں کی خودساختہ قیمتوں کو مسترد کرتے ہیں، ضلعی انتظامیہ ڈبل کے نام پر مہنگی روٹی فروخت کرنیوالوں کیخلاف کاروائی کریں اور سرکاری نرخنامے پر روٹی فروخت کرنے کا پابند بنائیں آئے روز نان بائی مہنگائی اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا رونا روتے ہیں مگر خود سرکاری نرخنامے پر روٹی فروخت کرنے کیلئے تیار نہیں ہے، آٹے کی قیمتوں میں اضافہ اور مہنگائی سارے ملک میں ہے مگر نان بائیوں نے روٹی کی من چاہی قیمتیں بڑھا کر عوام کیساتھ سنگین مذاق شروع کردیا ہے، جو کہ ناقابل برداشت ہیں سرکاری نرخنامے کے مطابق 380 گرام کی روٹی کی قیمت 30 روپے ہے جبکہ 300 سے 320 گرام کی پاپڑ نما روٹی 60 روپے میں فروخت کی جارہی ہیں، تندور مالکان اور نان بائی اپنی خودساختہ مہنگائی عوام پر مسلط کررہی ہیں جسکو ہم مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں اور ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہے کہ کم وزن اور مہنگی روٹی فروخت کرنیوالے نان بائیوں کیخلاف عملی کاروائی عمل میں لائی جائی تاکہ عوام کی خودساختہ مہنگائی سے جان چھوٹ سکے، نان بائیوں اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کرنے کا پابند بنایا جائے۔

## بلوچستان حکومت اور وفاقی حکومت کے درمیان ٹکراؤ، ماضی سے کچھ سیکھا جائے

بلوچستان حکومت اور وفاق کے درمیان پھر ٹکراؤ پیدا ہوا ہے، اس بار حکومتی سطح پر وفاقی حکومتی رویہ کے خلاف شدید ناراضگی کا اظہار کیا گیا ہے، جس کی بنیادی وجہ مالی مسائل، منصوبوں پر صوبے کے جائز حقوق سمیت این ایف سی ایوارڈ بھی شامل ہے جبکہ حالیہ سیلاب کی تباہ کاری سے بلوچستان میں جو نقصانات ہوئے اس پر بھی وفاق کی جانب سے ست روی پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر قدوس بزنجو نے وفاقی بجٹ سیشن کے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی وفاقی بجٹ سیشن کا حصہ نہیں بنے گی اور ہمارے اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹرز وفاقی بجٹ سیشن میں شرکت نہیں کریں گے۔ مرکزی صدر بی اے پی نے اپنے اراکین قومی اسمبلی وسینیٹ کو اجلاس میں شرکت نہ کرنے کی واضح ہدایات جاری کردی ہیں، پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے رکن قومی اسمبلی وسینیٹ کے خلاف انضباطی کاروائی کر کے ڈی سیٹ کر دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ این ای سی کے اجلاس کا بائیکاٹ بھی مرکزی حکومت کے رویے کی وجہ سے کیا تھا، ہمارا صوبہ شدید مالی مسائل کا شکار ہے، اور ان مسائل کی بنیادی وجہ وفاقی حکومت کا عدم تعاون ہے۔ بلوچستان کی ترقی اور پسماندگی دور کرنے کے لیے اسلام آباد میں بیٹھ کر صرف باتیں کی جاتی ہیں لیکن صوبے کے زمینی حقائق بالکل مختلف ہیں، یہاں عملی اقدامات کی ضرورت ہے، آصف علی زرداری، مولانا فضل الرحمان، سردار اختر مینگل اور صوبے کے دیگر قومی لیڈروں سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے مؤقف کو تقویت دیں۔ میر قدوس بزنجو کا کہنا تھا پی پی ایل کئی سالوں سے ہمارے واجبات ادا نہیں کررہی جو 45 ارب روپے سے زائد تک پہنچ چکے ہیں، ستم ظریفی یہ ہے کہ بلوچستان سے کسی معاہدے کے بغیر سوئی گیس فیلڈ میں پی پی ایل کا آپریشن جاری ہے، پی پی ایل کمپنی کا انتظامی اختیار وفاقی حکومت کے پاس ہے، وفاقی حکومت واجبات کے ادائیگی میں نہ تو کوئی دلچسپی لے رہی ہے اور نہ ہی اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل بلوچستان کے منصوبے فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے عدم تکمیل کا شکار ہیں، ان منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کا نصف بھی جاری نہیں کیا جاتا، صوبے کے وفاقی منصوبوں کے ٹینڈر تو ہوتے ہیں لیکن فنڈز کہیں اور منتقل کر دیے جاتے ہیں۔ گزشتہ سال سیلاب میں بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو شدید نقصان پہنچا، این ایچ اے نے ان شاہراہوں کی بحالی کے لئے کوئی کام نہیں کیا، ان شاہراہوں پر سفر کر کے محسوس ہوتا ہے کہ ہم پھر سے پتھر کے زمانے میں پہنچ گئے ہیں، کراچی کو کوئٹہ اور سینٹرل ایشیاء سے منسلک کرنے والی شاہراہ کے 8 پل سیلاب میں بہہ گیے تھے، لیکن ایک سال گزر جانے کے بعد بھی متبادل کچے راستوں سے گاڑیاں گزرتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایک سال قبل وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ میں منعقدہ تقریب میں چمن کراچی شاہراہ کا سنگ بنیاد رکھا تھا، اور کہا تھا کہ 18 ماہ میں یہ منصوبہ مکمل ہوگا، لیکن بدقسمتی سے ابھی تک اس منصوبہ کا 20 فیصد کام بھی نہیں ہوا، اور جس رفتار سے کام جاری ہے اور فنڈز دیے جا رہے ہیں یہ منصوبہ 18 ماہ تو کیا 18 سال میں بھی مکمل نہیں ہوگا۔ قدوس بزنجو نے مزید کہا کہ این ایف سی کا ہمارا شیئر بروقت نہیں ملتا اور اس میں کٹوتی بھی کی جاتی ہے، وزیراعظم کی جانب سے سیلاب کے دوران اعلان کردہ 10 ارب روپے بھی نہیں دیے گئے۔ 1998 کی مردم شماری کی بنیاد پر ساتواں این ایف سی ایوارڈ اپنی مدت پوری کر چکا، ایوارڈ میں وسائل کی تقسیم کی بنیاد آبادی تھی، حالات کی خرابی کے باعث بلوچستان میں 1998 کی مردم شماری نامکمل رہی، جس کا نقصان ہمیں وسائل کی تقسیم میں ہوا، ہمارا مطالبہ ہے کہ نیا این ایف سی ایوارڈ فوری طور پر کیا جائے جو آئینی تقاضہ بھی ہے، نئی مردم شماری کے مطابق نیا این ایف سی ایوارڈ نہ ہونے سے بلوچستان کو سالانہ 10 ارب سے زائد کا نقصان ہورہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مطالبہ کرتے ہوئے تنبیہ کی کہ وفاقی حکومت ہمارے مطالبات اور موقف کو سنجیدگی سے لے، اگر ایسا نہیں کیا جاتا تو وفاق اور صوبے میں پیدا خلیج مزید بڑھے گی جو وفاق کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ بہرحال ماضی میں اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے وفاقی حکومت کے خلاف سخت گیر رویہ انہی نکات کی بنیاد اپنایا جاتا رہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل سے وفاق اور کمپنیاں اپنا منافع لے جاتی ہیں مگر بلوچستان کو اس کا آئینی حق تک نہیں دیا جاتا، ترقیاتی اسکیموں کے لئے بھی فنڈز فراہم نہیں کیے جاتے اور نہ ہی وفاقی سطح پر کوئی مثالی منصوبہ بلوچستان کو دیا گیا ہے ایک لمبی فہرست ہے جس میں سے بعض کی نشاندہی خود وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کی ہے، اب وزیراعلیٰ بلوچستان کے بجٹ بائیکاٹ اور وفاقی رویہ کے خلاف سخت گیر فیصلے کے بعد مرکز میں بیٹھی حکومت معاملات کو سنجیدگی سے لے گی یا نہیں۔ بہرحال ماضی کے روش کو وفاق کو ترک کرنا ہوگا بلوچستان کے مسائل اور معاملات کو سنجیدگی سے لینا ہوگا نہیں تو موجودہ خلیج مزید مسائل کا باعث بنے گی۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 JUN 2023 Page No: 19


## Lawyer's assassination

It is heartrending that Balochistan is witnessing tragedies on a daily basis. After backwardness and poverty, the deteriorating law and order is the key issue of the province which is not going to improve. The brutal assassination of senior Supreme Court lawyer Advocate Abdul Razzaq Shar, who was killed in a drive-by shooting in Quetta a couple of days earlier, shocked the entire province. Shar was shot dead by unidentified assailants near Alamo Chowk on Airport Road broad daylight. Police said that the deceased was on his way to the Balochistan High Court when his vehicle came under attack by unknown men armed with automatic weapons. The slain advocate received 15 bullet injuries and died on the spot. Prime minister's aide Attaullah Tarar had alleged that the lawyer was killed at the behest of Imran to allegedly evade accountability in a treason case while PTI spokesperson Raoof Hassan had accused Prime Minister Shehbaz Sharif and Interior Minister Rana Sanaullah of being behind the murder. Slain advocate had filed a constitutional petition against the PTI chief in the Balochistan High Court, seeking proceedings against the ex-premier under Article 6 that pertained to high treason. His petition said that Imran Khan should be tried under Article 6 in light of the apex court decision which had recommended legal action against Imran Khan and Qasim Suri for illegally dissolving the National Assembly after the joint opposition had moved a no-trust motion against the PTI government in April 2022. The son of slain Advocate has registered a case against PTI chief Imran Khan and alleged that his father was killed at the latter's behest. The first information report (FIR) was registered on the complaint of Shar's son, Advocate Siraj Ahmed, at Quetta's Shaheed Jamil police station on June 6. Lawyers' fraternity in Balochistan strongly condemned the murder boycotted court proceedings and announced to observe three-day mourning. The Balochistan High Court Bar Association has condemned the government's allegations against the PTI chief. The government and its authorities ought to investigate the murder thoroughly and arrest the culprits behind this brutal murder. The government as well as PTI should avoid issuing statements blaming each other for this murder and for point scoring which is indeed unjust and undue. It is essential that police and other security agencies ensure the security of all masses and strive hard to trace out the murderers of Advocate Abdul Razzaq Shar so that the blame game between government and PTI should be stopped.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6    DATE: 09 JUN 2023    Page No: 20


## صوبائی محتسب بلوچستان کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار کا انعقاد

صوبائی محتسب بلوچستان کے زیر اہتمام گزشتہ دنوں ایک روزہ سیمینار بعنوان "The in Ombudsman of Role

رپورٹ۔ ریاض الدین سنگزئی۔ پی آر او صوبائی محتسب بلوچستان

معاشرے میں امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے لوگوں کو صبر اور درگزر کا درس ملتا ہے اور اگر کوئی قوم صحیح معنوں میں اسلامی اقدار اور تعلیمات پر عمل پیرا ہو تو اسے کسی غیر ملکی امداد کی ضرورت نہیں، خواتین کے حقوق کی اہمیت اور معاشرے میں ان کی شمولیت کے بارے میں

کہا کہ محتسب ادارے میں عوام اپنی شکایات اور درپیش مشکلات بغیر اخراجات کے سادہ اور آسان طریقے سے پیش کر سکتے ہیں صوبائی محتسب نے کہا کہ محتسب ادارہ آزادانہ طور پر کام کرتا ہے اور اس ادارے میں درج شکایات کو سامنے رکھتے ہوئے تفتیشی عمل شروع کیا جاتا ہے اور متعلقہ اداروں کے ذمہ دار آفیسران و دیگر نمائندوں سے شکایت کے متعلق باز پرس کی جاتی ہے بعد ازاں مکمل کاروائی کے بعد



Rights Public Safeguard Governance" Good and کا انعقاد کیا گیا سیمینار کے مہمان خصوصی صدر پاکستان جناب ڈاکٹر عارف علوی صاحب تھے جبکہ میزبانی کے فرائض گورنر بلوچستان ملک

بات کرتے ہوئے صدر نے کہا کہ اسلام پہلا مذہب ہے جس نے خواتین کو وراثت فراہم کرنے پر زور دیا اور قرآن مجید میں اس بارے میں آیات کا نزول ہوا، زندگی کے ہر شعبے میں خواتین کی شرکت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر



زور دیتے ہوئے صدر عارف علوی نے کہا کہ ملک کی 52 فیصد آبادی کو نظر انداز نہیں کیا


آئین اور قانون کے مطابق انصاف پر مبنی فیصلے کیے جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ وہ بحیثیت محتسب کسی محکمانہ بدانتظامی کے علم میں آنے کے بعد از خود نوٹس (سوموٹو ایکشن) کے ذریعے اس بدانتظامی کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہیں، نذر محمد بلوچ ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ انہوں نے جولائی 2021 میں چھٹے صوبائی محتسب بلوچستان کا جب حلف لیا تو انہوں نے عہد کر لیا تھا کہ وہ اس عہدے کے وقار اور اہمیت کو دیکھتے ہوئے عوام کو درپیش مسائل کے حل میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، انہوں نے کہا کہ محتسب بلوچستان کی ذمہ داری سنبھالتے ہی انہوں نے صوبے کے دور دراز علاقوں کا دورہ شروع کیا اور لوگوں کی شکایات سنیں اور بعض معمولی نوعیت کے شکایت پر اسی وقت ہدایات جاری کیے، صوبائی محتسب نے کہا کہ شروع میں جب انہوں نے محتسب کی ذمہ

عبدالولی کاکڑ اور صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ ایڈووکیٹ نے انجام دیے، سیمینار کے دیگر شرکاء میں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، اراکین اسمبلی، عدلیہ سے تعلق رکھنے والے سابق ججز، وکلاء، سول سوسائٹی کے نمائندے، طلباء اور محتسب ادارے کے آفیسران و دیگر اہلکار شامل تھے، سیمینار کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا، سیمینار سے خطاب میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے باہمی تنازعات اور تصادم کی صورتحال سے بچنے کیلئے معمولی نوعیت کے مقدمات کو جلد نمٹانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمت اور گڈ گورننس کے فروغ میں صوبائی محتسبین کا کلیدی کردار ہے، انہوں نے کہا کہ 2017 میں قومی اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے انہوں



جا سکتا لہٰذا خواتین کو آگے بڑھنے کیلئے مواقع

داری سنبھالی تو اس وقت شکایات کی تعداد سالانہ کے حساب سے بمشکل 400 تک تھا جن میں وقت کے ساتھ ساتھ چار گنا اضافہ



# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 09 JUN 2023 Page No:________



کراچی: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ اور ماتنگے سندھ کے ہم منصب کامران ٹیسوری ملاقات کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ تربت یونیورسٹی کے احاطے میں ڈیٹا سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ یونیورسٹی آف تربت کے دورے کے دوران جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Balochistan Time Quetta



QUETTA: Governor Balochistan Abdul Wali Kakar presiding over a review meeting during his visit to Turbat University on Thursday.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 09 JUN 2023 Page No: ________



صوبائی وزیر زمرک اچکزئی ودیگر سردار عبدالرحمان کھیتران کے بیٹے کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



مشیر اطلاعات مشتاق خان کاکڑ مختلف وفود اپنے مسائل کے حوالے سے آگاہ کررہے ہیں